Q2) Answer the following questions:

1: اتوار کو علی کہاں تھا؟

2: سارا کل کہاں تھی؟

3: بدھ کو بچے کہاں تھے؟

4: کل صبا اور سارا کہاں تھیں؟

5: تم دوپہر کو کہاں تھے؟

6: تم صبح کہاں تھیں؟

7: پیر کو آپ دفتر میں نہیں تھے ، کیوں؟

8: آپ منگل کو کہاں تھیں ؟

9: دوپہر کو آپ کے ابو کہاں تھے؟

10: کیا شام کو آپ کی امی گھر پر تھیں؟

11: کل بہت بارش تھی ، آج کیسا موسم ہے؟

12: کل آپ سب کہاں تھے؟

13: رات کو آپ سب کہاں تھیں؟

Note: " تھے " and " تھیں " (were) are also used for singular person to show respect. e.g.

1: ابو دفتر میں تھے۔

2: امی گھر پر تھیں۔

The past form of the verb " ہونا " 'hona'. to be:

| | | 2nd PERSON | | |
|---|---|---|---|---|
| | Ist PERSON | PLAIN | HONORFIC | 3rd PERSON |
| Sing (masc) | میں اداس تھا<br>main udaas tha<br>I was sad | تم اداس تھے<br>tum udaas the<br>you were sad | آپ اداس تھے<br>aap udaas the<br>you were sad | وہ اداس تھا<br>wuh udaas tha<br>he was sad |
| sing (fem) | میں اداس تھی<br>main udaas thi<br>I was sad | تم اداس تھیں<br>tum udaas theen<br>you were sad | آپ اداس تھیں<br>aap udaas theen<br>you were sad | وہ اداس تھی<br>wuh udaas thi<br>she was sad |
| plu (masc) | ہم اداس تھے<br>hum udaas the<br>we were sad | تم اداس تھے<br>tum udaas the<br>you were sad | آپ اداس تھے<br>aap udaas the<br>you were sad | وہ اداس تھے<br>wuh udaas the<br>they were sad |
| plu (fem) | ہم اداس تھیں (تھے)<br>hum udaas theen<br>we were sad | تم اداس تھیں<br>tum udaas theen<br>you were sad | آپ اداس تھیں<br>aap udaas theen<br>you were sad | وہ اداس تھیں<br>wuh udaas theen<br>they were sad |

Note: Second person singular (plain) is as follows:

| fem (sing) | masc (sing) |
|---|---|
| تو اداس تھی<br>too udaas thi<br>thou was sad | تو اداس تھا<br>too udaas tha<br>thou was sad |

# LESSON 11

STRUCTURAL ITEM:

**Past Continous Tense:**

he was eating break-fast - وہ ناشتا کر رہا تھا

***Vocabulary:***

| | | | |
|---|---|---|---|
| cricket | f | کرکٹ | cricket |
| home work | m | سکول کا کام | school ka kaam |
| music | f | میوزک | music |
| television | m. s. p | ٹی - وی | T.V |
| drama | m. s | ڈراما | drama |
| Tea | f | چائے | chaae |
| film | f . s | فلم | film |
| to eat break-fast | | ناشتا کرنا | naashta karna |
| to do | | کرنا | karna |
| to take rest | | آرام کرنا | aaraam karna |
| to play | | کھیلنا | khelna |
| to teach | | پڑھانا | parhaana |
| to hear, listen | | سننا | sunna |
| to look, watch, see | | دیکھنا | dekhna |
| to make | | بنانا | banaana |
| to sleep | | سونا | sona |
| to sew, stich | | سینا | seena |
| to | | کے پاس | ke paas |

A: حامد صبح ساڑھے سات بجے کیا کر رہا تھا ؟
B: وہ ناشتا کر رہا تھا۔

A: زارا دوپہر کو کیا کر رہی تھی؟
B: وہ آرام کر رہی تھی۔

A: شام کو علی اور حامد کیا کر رہے تھے؟
B: وہ دونوں کرکٹ کھیل رہے تھے۔

A: شام کو زارا اور سارا کیا کر رہی تھیں؟
B: وہ سکول کا کام کر رہی تھیں۔

A: چھے بجے آپ کیا کر رہے تھے؟
B: میں بچوں کو پڑھا رہا تھا۔

A: کل شام کو آپ کیا کر رہی تھیں؟
B: میں میوزک سن رہی تھی۔

A: تم آٹھ بجے کیا کر رہے تھے؟
B: میں ٹی - وی پر ڈراما دیکھ رہا تھا۔

A: تم پانچ بجے کیا کر رہی تھیں؟
B: میں چائے بنا رہی تھی۔

A: آپ سب دوپہر کو کیا کر رہے تھے؟
B: ہم سب سو رہے تھے۔

A: آپ سب کل کیا کر رہیں تھیں؟
B: ہم کپڑے سی رہے تھے (رہی تھیں)۔

A: کل تم سب کہاں جا رہے تھے؟
B: ہم ڈاکٹر کے پاس جا رہے تھے۔

A: شام کو تم سب کہاں جا رہی تھیں؟
B: ہم فلم دیکھنے جا رہے تھے (رہی تھیں)۔

Note:

The past continuous is formed by adding ' raha tha ' " رہا تھا " to the root verb, according to the number and gender of the subject.

***Exercise:***

Q1) Complete these sentences with appropriate form of past continuous tense using infintives given in the brackets:

1: حامد صبح ساڑھے سات بجے کیا ........... ؟ (کرنا)

2: وہ ....................... ۔ (ناشتا کرنا)

3: زارا دوپہر کو کیا ........... ؟ (کرنا)

4: زارا ............................ ۔ (آرام کرنا)

5: شام کو علی اور حامد کیا .................؟ (کرنا)

6: علی اور حامد کرکٹ ......................... ۔ (کھیلنا)

7: شام کو زارا اور سارا کیا ................. ؟ (کرنا)

8: زارا اور سارا سکول کا ......................... ۔ (کام کرنا)

9: چھے بجے آپ کیا ................. ؟ (کرنا)

10: میں بچوں کو ................. ۔ (پڑھانا)

11: کل شام کو آپ کیا ........................ ؟ (کرنا)

12: تم آٹھ بجے کیا ................. ؟ (کرنا)

13: میں ٹی - وی پر ڈراما ................. ۔ (دیکھنا)

14: تم پانچ بجے کیا ................. ؟ (کرنا)

15: میں چائے ................. ۔ (بنانا)

16: آپ سب دوپہر کو کیا ................. ؟ (کرنا)

17: ہم سب ................. ۔ (سونا)

18: آپ سب کل کیا ........................ ؟ (کرنا)

19: ہم کپڑے........................ ۔ (سینا)

20: کل تم سب کہاں ................. ؟ (جانا)

21: ہم ڈاکٹر کے پاس ................. ۔ (جانا)

22: شام کو تم سب کہاں ................. ؟ (جانا)

23: ہم فلم دیکھنے ................. ۔ (جانا)

Q2) Answer the following questions:

1: حامد صبح ساڑھے سات بجے کیا کر رہا ہے؟

2: زارا دوپہر کو کیا کر رہی تھی؟

3: شام کو علی اور حامد کیا کر رہے تھے؟

4: شام کو زارا اور سارا کیا کر رہی تھیں؟

5: چھے بجے آپ کیا کر رہے تھے؟

6: کل شام کو آپ کیا کر رہی تھیں؟

7: تم آٹھ بجے کیا کر رہے تھے؟

8: تم پانچ بجے کیا کر رہی تھیں ؟

9: آپ سب دوپہر کو کیا کر رہے تھے؟

10: آپ سب کل کیا کر رہیں تھیں؟

11: کل تم سب کہاں جا رہے تھے؟

12: شام کو تم سب کہاں جا رہی تھیں؟

Note.

"ہم فلم دیکھنے (کے لیے) جا رہے تھے"

In the above context 'کے لیے' (for) is omitted, so 'دیکھنا' is changed into دیکھنے.

## PAST CONTINUOUS TENSE

| | | 2nd PERSON | | |
|---|---|---|---|---|
| | Ist PERSON | PLAIN | HONORFIC | 3rd PERSOn |
| SING(MAS) | میں جا رہا تھا<br>main ja raha tha<br>I was going | تم جا رہے تھے<br>tum ja rahe the<br>you were going | آپ جا رہے تھے<br>aap ja rahe the<br>you were going | وہ جا رہا تھا<br>wuh ja raha tha<br>he was going |
| SING(FEM) | میں جا رہی تھی<br>main ja rahi thi<br>I was going | تم جا رہی تھیں<br>tum ja rahi<br>theen<br>you were going | آپ جا رہی تھیں<br>aap ja rahi<br>theen<br>you were going | وہ جا رہی تھی<br>wuh ja rahi thi<br>he was going |
| PLU(MAS) | ہم جا رہے تھے<br>ham ja rahe the<br>we were going | تم جا رہے تھے<br>tum ja rahe the<br>you were going | آپ جا رہے تھے<br>aap ja rahe the<br>you were going | وہ جا رہے تھے<br>wuh ja rahe the<br>they were going |
| PLU(MAS) | ہم جا رہی تھیں<br>(رہے تھے)<br>ham ja rahi<br>theen<br>we were going | تم جا رہی تھیں<br>tum ja rahi<br>theen<br>you were going | آپ جا رہی تھیں<br>aap ja rahi<br>theen<br>you were going | وہ جا رہی تھیں<br>wuh ja rahi<br>theen<br>they were going |

Note: Second person singular is as follows:

| sing (fem) | sing (masc) |
|---|---|
| تو جا رہی تھی | تو جا رہا تھا |
| too ja rahi thi | too ja raha tha |
| thou was going | thou was going |

# LESSON 12

## PART I

STRUCTURAL ITEM:

***Future Tense***

A: کیا آج علی سکول جائے گا ؟
B: جی ہاں ، وہ سکول جائے گا۔

A: کیا سارا بھی سکول جائے گی؟
B: جی ہاں ، وہ بھی سکول جائے گی۔

A: کیا لڑکے پارک میں جائیں گے؟
B: جی ہاں ، وہ پارک میں جائیں گے۔

A: کیا لڑکیاں بھی پارک میں جائیں گی؟
B: جی ہاں ، وہ بھی پارک میں جائیں گی۔

A: کیا ابو دفتر جائیں گے؟
B: جی ہاں ، وہ جائیں گے۔

A: کیا آج امی بازار جائیں گی؟
B: جی ہاں ، وہ بازار جائیں گی۔

A: کیا آپ صبح کالج جائیں گے؟

B: جی ہاں ، میں کالج جاؤں گا۔

A: کیا آپ بھی صبح کالج جائیں گی؟

B: جی ہاں ، میں بھی کالج جاؤں گی۔

A: کیا آپ سب پارک میں جائیں گے ؟

B: جی ہاں ، ہم سب پارک میں جائیں گے ۔

A: کیا آپ سب لاہور جائیں گی؟

B: جی ہاں ، ہم لاہور جائیں گے (گی)۔

A: کیا تم آج بینک جاؤ گے؟

B: جی ہاں ، میں بینک جاؤں گا۔

A: کیا تم بھی بینک جاؤ گی؟

B: جی ہاں میں بھی بینک جاؤں گی۔

A: کیا تم سب مری جاؤ گے؟

B: جی ہاں ، ہم سب مری جائیں گے۔

A: کیا تم سب مری جاؤ گی؟

B: جی ہاں ، ہم مری جائیں گے (گی)۔

***Exercises:***

Q1) Fill in the blanks with different forms of the future tense using infinitive " جانا ":

1: کیا آج علی سکول ........... ؟

2: سارا سکول ...........۔

3: لڑکے پارک میں .................۔

4: کیا لڑکیاں پارک میں ........... ؟

5: آج ابو دفتر جائیں ...........۔

6: امی بازار .................۔

7: کیا آپ (M) صبح کالج .................؟

8: کیا آپ (F) بھی صبح کالج ................. ؟

9: میں (M) کالج ................. ۔

10: میں (F) بھی کالج ................. ۔

11: ہم سب لاہور ................. ۔

12: کیا تم (M) آج بینک................. ؟

13: کیا تم (F) بھی آج بینک ................. ؟

Q2) Answer the following questions:

1: کیا آج علی سکول جائے گا ؟

2: کیا سارا بھی سکول جائے گی؟

3: کیا لڑکے پارک میں جائیں گے؟

4: کیا لڑکیاں بھی پارک میں جائیں گی؟

5: کیا ابو دفتر جائیں گے؟

6: کیا آج امی بازار جائیں گی؟

7: کیا آپ صبح کالج جائیں گے؟

8: کیا آپ بھی صبح کالج جائیں گی؟

9: کیا آپ سب پارک میں جائیں گے؟

10: کیا آپ سب لاہور جائیں گی؟

11: کیا تم آج بینک جاؤ گے؟

12: کیا تم بھی بینک جاؤ گی؟

13: کیا تم سب مری جاؤ گے؟

14: کیا تم سب مری جاؤ گی؟

# FUTURE TENSE

| | | 2nd PERSON | | |
|---|---|---|---|---|
| | Ist PERSON | PLAIN | HONORFIC | 3rd PERSON |
| SING(MAS) | میں دوڑوں گا<br>main daur'oon ga<br>I will run | تم دوڑو گے<br>tum daur'o ge<br>you will run | آپ دوڑیں گے<br>aap daor'en ge<br>you will run | وہ دوڑے گا<br>wuh daur'e ga<br>he will run |
| SING(FEM) | میں دوڑوں گی<br>main daur'oon gi<br>I will run | تم دوڑو گی<br>tum daur'o gi<br>you will run | آپ دوڑیں گی<br>aap daor'en gi<br>you will run | وہ دوڑے گی<br>wuh daur'e gi<br>she will run |
| PLU(MAS) | ہم دوڑیں گے<br>hum daur'en ge<br>we will run | تم دوڑو گے<br>tum daur'o ge<br>you will run | آپ دوڑیں گے<br>aap daor'en ge<br>you will run | وہ دوڑیں گے<br>wuh daur'en ge<br>they will run |
| PLU(FEM) | ہم دوڑیں گی (گے)<br>hum daur'en ge/gi<br>we will run | تم دوڑو گی<br>tum daur'o gi<br>you will run | آپ دوڑیں گی<br>aap daor'en gi<br>you will run | وہ دوڑیں گی<br>wuh daur'en gi<br>they will run |

Note: Second person singular (plain) is as follows:

| SING (FEM) | SING (MASC) |
|---|---|
| تو دوڑے گی<br>too daur'e gi<br>thou will run | تو دوڑے گا<br>too daur'e ga<br>thou will run |

## PART II

# STRUCTURAL ITEM:

### Future Tense

***Vocabulary:***

| English | Urdu | Transliteration |
|---|---|---|
| to take an examination | امتحان دینا | imtahaan dena |
| to take, buy | لینا | lena |
| to | کو | ko |
| the same | اسی | isi |
| :magazine (m.s) | رسالہ | risaala |
| :picture, :photograph (f.s) | تصویر | tasweer |
| :pictures, :photographs (f.p) | تصویریں | tasweeren |
| :bread (f.s) | ڈبل روٹی | double roti |
| :bakery (f.s) | بیکری | bakery |
| :Eid dress (m.p) | عید کے کپڑے | eid ke kapr'e |
| :fruit (m.s.p) | پھل | phal |
| :radio (m.s.p) | ریڈیو | radio |

A: کیا علی زارا کو کتاب دے گا؟

B: جی ہاں ، وہ زارا کو کتاب دے گا ۔

A: کیا سارا حامد کو پھل دے گی؟

B: جی ہاں ، وہ حامد کو پھل دے گی۔

A: کیا اس سال لڑکے امتحان دیں گے؟

B: جی ہاں ، وہ اس سال امتحان دیں گے۔

A: کیا لڑکیاں بھی اس سال امتحان دیں گی؟

B: جی ہاں ، وہ بھی اسی سال امتحان دیں گی۔

A: کیا آپ مجھے رسالہ دیں گے؟

B: جی ہاں ، میں آپ کو رسالہ دوں گا۔

A: کیا آپ ہمیں وہ تصویریں دیں گی؟

B: میں آپ کو وہ تصویریں نہیں دوں گی۔

A: کیا تم حامد کو ریڈیو دو گے؟

B: جی ہاں ، میں اسے ریڈیو دوں گا۔

A: تم لڑکیوں کو کتنے بجے کھانا دو گی؟

B: میں انہیں آٹھ بجے کھانا دوں گی۔

A: کیا شام کو ابو پودوں کو پانی دیں گے؟

B: وہ شام کو پودوں کو پانی دیں گے۔

A: امی جان آپ کو کتنے بجے ناشتا دیں گی؟

B: وہ ہمیں سات بجے ناشتادیں گی۔

A: اسلم یہ ناول کہاں سے لے گا؟

B: وہ لائبریری سے لے گا۔

A: زارا یہ رسالہ کہاں سے لے گی؟

B: وہ یہ رسالہ بازار سے لے گی۔

A: آپ چائے کہاں سے لیں گے؟

B: میں کینٹین سے لوں گا۔

A: آپ ڈبل روٹی کہاں سے لیں گی؟

B: میں بیکری سے لوں گی۔

A: تم کس سے کوٹ لو گے؟

B: میں حامد سے کوٹ لوں گا۔

A: تم کہاں سے عید کے کپڑے لو گی؟

B: میں پنڈی سے لُوں گی۔

A: آپ سب کس سے کتابیں لیں گے؟

B: ہم سب سلیم صاحب سے کتابیں لیں گے۔

A: لڑکیاں کس سے بیگ لیں گی؟

B: وہ مجھ سے بیگ لیں گی۔

***Exercises:***

Q1) Fill in the blanks with different formsof future tense using verb " دینا ".

1: کیا علی زارا کو کتاب ........... ...........؟

2: کیا سارا حامد کو پھل ........... ........... ؟

3: کیا اس سال لڑکے امتحان ........... ........... ؟

4: کیا لڑکیاں بھی اس سال امتحان ........... ........... ؟

5: کیا آپ (m) مجھے رسالہ ........... ...........؟

6: میں آپ (m) کو رسالہ ........... ........... ۔

7: کیا آپ (f) ہمیں وہ تصویریں ........... ........... ؟

8: میں آپ (f) کو وہ تصویریں نہیں ........... ........... ۔

9: کیا تم (m) حامد کو ریڈیو........... ...........؟

10: تم لڑکیوں کو کتنے بجے کھانا ........... ........... ؟

11: کیا شام کو ابو پودوں کو پانی........... ........... ؟

12: امی جان آپ کو کتنے بجے ناشتا ........... ........... ؟

Q2) Fill in the blanks with differernt forms of future tense using verb " لینا ".

1: اسلم یہ ناول کہاں سے ................. ؟

2: زارا یہ رسالہ کہاں سے ................. ؟

3: آپ (m) چائے کہاں سے ................. ؟

4: میں (m) چائے کینٹین سے ................. ۔

5: آپ (f) ڈبل روٹی کہاں سے ................. ؟

6: میں (f) بیکری سے ................. ۔

7: تم (m) کس سے کوٹ ................. ؟

8: میں (m) حامد سے کوٹ................. ۔

9: تم (f) کہاں سے عید کے کپڑے................. ؟

10: میں (f) پنڈی سے ................. ۔

11: ہم سب سلیم صاحب سے کتابیں ................. ۔

12: لڑکیاں مجھ سے بیگ ................. ۔

Note:

If the root verb ends with vowel " ے " (e), e.g. " دے " (give), the vowel " ے " (e) will be removed and future tense is formed by adding " ے گا " (m.s)

## PART III

# STRUCTURAL ITEM:

### Future Tense

***Vocabulary:***

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| examination m.s.p | امتحان | imtahaan | : | shirt f.s | قمیض | qameez |
| tea f | چائے | chaae | : | Eid f.s | عید | eid |
| coffee f | کافی | coffee | : | shalwaar f.s | شلوار | shalwaar |
| guests m.s.p | مہمان | mahmaan | : | holidays f.p | چھٹیاں | chhuttiaan |
| to stay | ٹھہرنا | tharana | : | hotel m.s.p | ہوٹل | hotel |
| to(read,study) | پڑھنا | parhana | : | winter f.p | سردیاں | sardiaan |
| to make | بنانا | babaana | : | snow fall f | برفباری | barfbaari |
| to go back | واپس جانا | waapas jaana | - | Mrs - wife | بیگم | begam |
| to return | واپس آنا | waapas aana | | | | |
| to meet | ملنا | milna | : | film m.s | فلم | film |
| with | کے ساتھ | ke saath | : | pant f.s | پتلون | patloon |
| alone | اکیلے | akele | : | Some | کچھ | Kuchh |
| shopping f | شاپنگ | shopping | | | | |
| shopping f | خریداری | khareedaari | | | | |
| things f.p | چیزیں | cheezen | | | | |
| clothes m.p | کپڑے | kapre | | | | |
| shoes m.p | جوتے | jote | | | | |
| sweater m.s.p | سویٹر | sweater | | | | |
| jeans f.s | جینز | jeans | | | | |

(i)

A: آپ شام کو کیا پییں گے؟ چائے یا کافی؟

B: میں چائے پیوں گا ۔

A: آپ چائے کے ساتھ کیا لیں گے؟

B: میں چائے کے ساتھ کیک لوں گا۔

A: آپ کا بیٹا کیا پیے گا؟

B: وہ دودھ پیے گا ۔

A: آپ کی بیٹی کیا پیے گی؟

B: وہ بھی دودھ پیے گی۔

A: بچے دودھ کے ساتھ کیا لیں گے؟

B: وہ بھی کیک لیں گے۔

(ii)

A: آپ کہاں جا رہے ہیں؟

B: ہم عید کی شاپنگ (خریداری) کرنے بازار جا رہے ہیں ۔

A: زارا کیا چیزیں خریدے گی؟

B: زارا کپڑے اور جوتے خریدے گی۔

A: علی کیا خریدے گا؟

B: وہ سویٹر اور جینز خریدے گا۔

A: آپ کیا خریدیں گے؟

B: میں پتلون اور قمیض خریدوں گا۔

A: اور آپ کی بیگم کیا لیں گی؟

B: وہ شلوار ۔ قمیض لیں گی۔

(iii)

A: چھٹیوں میں آپ کہاں جائیں گے؟

B: میں مری جاؤں گا۔

A: کیا آپ اکیلے جائیں گے؟

B: جی نہیں ، بیگم اور بچے بھی جائیں گے۔

A: آپ وہاں کتنے دن ٹھہریں گے؟

B: ہم تین دن ٹھہریں گے۔

A: کیا آپ ہوٹل میں ٹھہریں گے؟

B: جی نہیں ، ہم دوست کے گھر ٹھہریں گے۔

A: آپ لوگ کب جائیں گے؟

B: ہم 24 دسمبر کو جائیں گے۔

A: اور واپس کب آئیں گے؟

B: واپس 27 تاریخ کو آئیں گے۔

A: کیا آپ بس سے جائیں گے؟

B: جی نہیں ، ہم کار سے جائیں گے۔

A: آپ سردیوں میں مری کیوں جا رہے ہیں؟

B: ہم برفباری دیکھنے جا رہے ہیں۔

(iv)

A: کیا آج رات تم ٹی-وی پر فلم دیکھو گے؟

B: نہیں ، میں فلم نہیں دیکھوں گا ، میں پڑھوں گا۔

A: تم کیوں پڑھو گے؟

B: کل میرا امتحان ہے ، اس لیے پڑھوں گا۔

A: کیا تم شام کو چائے بناؤ گی؟

B: آج میں چائے نہیں بناؤں گی۔

A: تم کیا بناؤ گی؟

B: میں کافی بناؤں گی۔

A: تو میرے لیے بھی کافی بنانا کیونکہ میں بھی کافی پیوں گی۔

(v)

A: کیا شام کو آپ میرے ساتھ بازار چلیں گی؟

B: آج میں نہیں جاؤں گی ، کیونکہ میرے کچھ مہمان آ رہے ہیں۔

A: تو ٹھیک ہے ، ہم کل چلیں گے۔ آپ کے مہمان کہاں سے آ رہے ہیں؟

A: وہ پنڈی سے آ رہے ہیں۔

B: وہ کب واپس جائیں گے؟

A: وہ رات کو واپس جائیں گے۔

B: تو اچھا خدا حافظ! کل آپ سے ملوں گی۔

A: خدا حافظ! کل (ہم) ملیں گے۔

(vi)

A: رات کو آپ کتنے بجے سوئیں گے؟

B: میں گیارہ بجے سوؤں گا۔

A: علی کتنے بجے سوئے گا؟

B: وہ دیر سے سوئے گا کیونکہ آجکل اس کے امتحان ہیں۔

A: زارا کتنے بجے سوئے گی؟

B: وہ جلدی سوئے گی کیونکہ اس کے امتحان نہیں ہیں۔

***Exercises:***

Q1) Answer the following questions:

1: آپ شام کو کیا پییں گے؟

2: آپ چائے کے ساتھ کیا لیں گے؟

3: آپ کا بیٹا کیا پیے گا؟

4: آپ کی بیٹی کیا پیے گی؟

5: بچے دودھ کے ساتھ کیا لیں گے؟

6: آپ کہاں جا رہے ہیں؟

7: زارا کیا چیزیں خریدے گی؟

8: علی کیا خریدے گا؟

9: آپ کیا خریدیں گے؟

10: آپ کی بیگم کیا لیں گی؟

11: چھٹیوں میں آپ کہاں جائیں گے؟

12: کیا آپ اکیلے جائیں گے؟

13: آپ وہاں کتنے دن ٹھہریں گے؟

14: کیا آپ ہوٹل میں ٹھہریں گے؟

15: آپ لوگ کب جائیں گے؟

16: اور واپس کب آئیں گے؟

17: کیا آپ بس سے جائیں گے؟

18: آپ سردیوں میں مری کیوں جا رہے ہیں؟

19: کیا آج رات تم ٹی-وی پر فلم دیکھو گے؟

20: تم کیوں پڑھو گے؟

21: کیا تم شام کو چائے بناؤ گی؟

22: کیا شام کو آپ میرے ساتھ بازار چلیں گی؟

23: آپ کے مہمان کہاں سے آ رہے ہیں؟

24: آپ کے مہمان کب واپس جائیں گے؟

25: رات کو آپ کتنے بجے سوئیں گے؟

26: علی کتنے بجے سوئے گا؟

27: زارا کتنے بجے سوئے گی؟

Q2) Fill in the blanks with different forms of future tense using infinitive which are given in the brackets:

1: آپ شام کو کیا .................. ؟ (پینا)

2: میں چائے .................. ۔ (پینا)

3: آپ چائے کے ساتھ .................. ۔ (لینا)

4: آپ کا بیٹا کیا .................. ؟ (پینا)

5: آپ کی بیٹی کیا .................. ؟ (پینا)

6: بچے دودھ کے ساتھ کیا .................. ؟ (لینا)

7: آپ کیا چیزیں .................. ؟ (خریدنا)

8: زارا کپڑے اور جوتے .................. ۔ (خریدنا)

9: علی کیا .................. ؟ (خریدنا)

10: آپ کیا .................. ؟ (خریدنا)

11: میں پتلون اور قمیض .................. ۔ (خریدنا)

12: آپ کی بیگم کیا .................. ؟ (لینا)

13: چھٹیوں میں آپ کہاں ................. ؟ (جانا)

14: میں مری ................. ۔ (جانا)

15: کیا آپ اکیلے ................. ؟ (جانا)

16: بیگم اور بچے بھی ................. ۔ (جانا)

17: آپ وہاں کتنے دن ................. ؟ (ٹھہرنا)

18: ہم تین دن................. ۔ (ٹھہرنا)

19: آپ واپس کب ................. ؟ (آنا)

20: کیا آج رات ٹی-وی پر فلم ................. ؟ (دیکھنا)

21: میں فلم نہیں ................. ۔ (دیکھنا)

22: تم کیوں ................. ؟ (پڑھنا)

23: کل میرا امتحان ہے ، اس لیے میں ................. ۔(پڑھنا)

24: کیا تم شام کو چائے ................. ؟ (بنانا)

25: آج میں چائے نہیں................. ۔ (بنانا)

26: میں کافی ................. ۔ (پینا)

27: کیا شام کو آپ میرے ساتھ بازار ................. ؟(چلنا)

28: میں کل آپ سے ................. ۔ (ملنا)

29: رات کو آپ کتنے بجے ................. ؟ (سونا)

30: میں گیارہ بجے ................. ۔ (سونا)

31: علی کتنے بجے ................. ؟ (سونا)

32: زارا کتنے بجے ................. ؟ (سونا)

# LESSON 13

STRUCTURAL ITEM:

**Future Tense**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| to be | ہونا | hona | good-bye | خداحافظ | Khuda hafiz |
| will (m.s) | گا | ga | early | جلدی | jaldi |
| will (m.p) | گے | ge | | | |
| will (f.s.p) | گی | gi | | | |

***Vocabulary:***

| | | |
|---|---|---|
| to rain | بارش ہونا | baarish hona |
| holiday f.s | چھٹی | chhutti |
| function m.s | فنکشن | function |

A: کیا کل حامد گھر پر ہو گا؟

B: جی ہاں ، وہ گھر پر ہو گا کیونکہ کل چھٹی ہے۔

A: کیا زارا بھی گھر پر ہو گی؟

B: جی ہاں ، وہ بھی گھر پر ہو گی۔

A: کیا کل اسلم اور سلیم دفتر میں ہوں گے؟

B: جی نہیں ، وہ دفتر میں نہیں ہوں گے۔

A: کیا زارا اور سارا شام کو سکول میں ہوں گی؟

B: جی ہاں ، وہ سکول میں ہوں گی۔

A: وہ سکول میں کیوں ہوں گی؟
B: شام کو سکول میں فنکشن ہے۔

A: کیا صبح کو آپ کی امی گھر پر ہوں گی؟
B: جی ہاں ، وہ گھر پر ہوں گی۔

A: کیا آپ کے ابو بھی گھر پر ہوں گے۔
B: جی نہیں ، وہ دفتر میں ہوں گے۔

A: کیا دوپہر کو آپ کالج میں ہوں گے؟
B: جی ہاں ، میں کالج میں ہوں گا۔

A: کیا آپ بھی کالج میں ہوں گی؟
B: جی نہیں ، میں گھر پر ہوں گی۔

A: کیا آپ سب رات کو گھر پر ہوں گے؟
B: جی ہاں ، ہم گھر پر ہوں گے۔

A: کیا آپ سب بھی گھر پر ہوں گی؟
B: جی ہاں ، ہم بھی گھر پر ہوں گے (ہوں گی)۔

A: کیا کل تم انسٹی ٹیوٹ میں ہو گے؟
B: جی ہاں ، میں انسٹی ٹیوٹ میں ہوں گا۔

A: کیا کل تم بھی انسٹی ٹیوٹ میں ہو گی؟

B: جی ہاں ، میں بھی انسٹی ٹیوٹ میں ہوں گی۔

A: کیا کل بارش ہو گی؟

B: جی ہاں ، کل بارش ہو گی۔

***Exercises:***

Q1) Complete the following sentences with differernt form of:

" ہو گا "

1: کیا کل حامد گھر پر ................ ؟

2: کیا زارا بھی گھر پر ................ ؟

3: کیا کل اسلم اور سلیم دفتر میں ................ ؟

4: کیا زارا اور سارا شام کو سکول میں ................ ؟

5: کیا صبح کو آپ کی امی گھر پر ................ ؟

6: کیا آپ کے ابو بھی گھر پر ................؟

7: کیا دوپہر کو آپ (m) کالج میں................ ؟

8: کیا آپ (f) بھی کالج میں ................ ؟

9: ہم گھر پر ................ ۔

10: کیا کل تم (m) انسٹی ٹیوٹ میں ................ ؟

11: کیا کل تم (f) بھی انسٹی ٹیوٹ میں ................ ؟

12: کیا کل بارش ................ ؟

Q2) Answer the following questions:

1: کیا کل حامد گھر پر ہو گا؟

2: کیا زارا بھی گھر پر ہو گی؟

3: کیا کل اسلم اور سلیم دفتر میں ہوں گے؟

4: کیا زارا اور سارا شام کو سکول میں ہوں گی؟

5: کیا صبح کو آپ کی امی گھر پر ہوں گی؟

6: کیا آپ کے ابو بھی گھر پر ہوں گے؟

7: کیا دوپہر کو آپ کالج میں ہوں گے؟

8: کیا آپ بھی کالج میں ہوں گی؟

9: کیا آپ سب رات کو گھر پر ہوں گے؟

10: کیا کل بارش ہو گی؟

:Future Tense:

The conjugation table of the verb " ہونا " hona (to be)

| | | 2nd PERSON | | |
|---|---|---|---|---|
| | 1st PERSON | PLAIN | HONORFIC | 3rd PERSON |
| sing(masc) | میں ہوں گا<br>main hoon ga<br>I will be | تم ہو گے<br>tum ho ge<br>you will be | آپ ہوں گے<br>aap hoon ge<br>you will be | وہ ہو گا<br>wuh ho ga<br>he will be |
| sing(fem) | میں ہوں گی<br>main hoon gi<br>I will be | تم ہو گی<br>tum ho gi<br>you will be | آپ ہوں گی<br>aap hoon gi<br>you will be | وہ ہو گی<br>wuh ho gi<br>she will be |
| plu(masc) | ہم ہوں گے<br>hum hoon ge<br>we will be | تم ہو گے<br>tum ho ge<br>you will be | آپ ہوں گے<br>aap hoon ge<br>you will be | وہ ہوں گے<br>wuh hoon ge<br>they will be |
| plu(fem) | ہم ہوں گے (گی)<br>hum hoon ge/gi<br>we will be | تم ہو گی<br>tum ho gi<br>you will be | آپ ہوں گی<br>aap hoon gi<br>you will be | وہ ہوں گی<br>wuh hoon gi<br>they will be |

Note: Second Person Singular (plain) is as follows:

| SING (FEM) | SING (MASC) |
|---|---|
| تو ہو گی<br>too ho gi<br>thou will be | تو ہو گا<br>too ho ga<br>thou will be |

# LESSON 14

STRUCTURAL ITEM:

**Subjunctive tense:**

***Vocabulary:***

| | | | |
|---|---|---|---|
| to walk | | چلنا | chalna |
| to bring | | لانا | laana |
| to stay | | ٹھہرنا | tharana |
| to make | | بنانا | banaana |
| sick | | بیمار | beemaar |
| health | f. s | صحت | siha t |
| God | m. s | خدا | khuda |
| birth-day | f. s | سالگرہ | saalgirah |
| holidays | f. P | چھٹیاں | chhuttian |
| to rain | | بارش ہونا | baarish hona |
| to give/ ensure (success) | | کامیاب کرنا | kaamyaab karna |
| to take an examination | | امتحان دینا | imtehaan dena |
| sight seeing, walk | f. s | سیر | sair |
| to permit | | اجازت دینا | ijaazat dena |
| to send | | بھیجنا | bhejana |
| to get late | | دیر ہونا | der hona |
| perhaps | | شاید | shaayad |
| must | | ضرور | zaroor |
| institute | m.s-P | انسٹی ٹیوٹ | institute |
| quickly | | جلدی سے | juldi se |
| happy, Congratulation. | | مبارک | mubaarak |

## Subjunctive Tense for asking permission and giving permission

A: کیا علی گھر جائے؟
B: کیوں؟
A: وہ بیمار ہے۔
B: اچھا ، وہ جائے۔
A: کیا زارا بھی گھر جائے؟
B: وہ نہ جائے۔

A: کیا بچے پارک میں جائیں؟
B: وہ نہ جائیں ، کیونکہ بارش ہو رہی ہے۔
A: کیا لڑکیاں بازار جائیں؟
B: وہ جائیں۔

A: کیا میں اندر آؤں؟
B: جی ہاں ، (آپ) اندر آئیں۔
A: کیا میں سبق پڑھوں؟
B: (آپ) پڑھیں ۔

A: کیا ہم لائبریری جائیں؟
B: جی ہاں ، آپ لائبریری جائیں۔
A: کیا کل ہم آپ کے گھر آئیں؟
B: جی ہاں ، ضرور آئیں۔

A: کیا میں آپ کے ساتھ بازار چلوں؟

B: ضرور چلیں۔

A: کیا میری بیٹی بھی چلے؟

B: چلے۔

A: اور بیٹا بھی چلے؟

B: وہ بھی چلے۔

A: کیا میں آپ کے لیے ناشتا لاؤں؟

B: (تم) لاؤ۔

A: کیا میں آپ کے لیے چائے بناؤں؟

B: (تم) بناؤ ۔

A: کیا آپ کا کمرا گندا ہے؟

B: میرا کمرا گندا ہے۔

A: کیا بانو آپ کا کمرا صاف کرے؟

B: جی ہاں ، وہ میرا کمرا صاف کرے۔

A: کیا وہ آپ کے کپڑے استری کرے؟

B: جی ہاں ، وہ میرے کپڑے استری کرے۔

Subjunctive tense for command

A: حامد تم کہاں ہو؟

B: میں باہر ہوں۔

A: تم میرے کمرے سے جوتے لاؤ۔

B: جی ، میں لاتا ہوں۔

A: زارا آپ ادھر آئیں۔

B: جی کیا بات ہے؟

A: مجھے یورنیورسٹی سے دیر ہو رہی ہے،(آپ) جلدی سے میرا ناشتا بنائیں۔

B: اچھا جی ، میں ابھی بناتی ہوں۔

Subjunctive tense for advice:

A: میں یہ کرسیاں کہاں رکھوں؟

B: (تم) وہاں رکھو۔

A: ہم کونسا اخبار پڑھیں؟

B: آپ ''جنگ'' اخبار پڑھیں۔

A: ہم کونسی فلمیں دیکھیں؟

B: آپ اردو فلمیں دیکھیں۔

A: ہم سیر کے لیے کہاں جائیں؟

B: آپ سوات جائیں۔

A: ہم وہاں کس ہوٹل میں ٹھہریں؟

B: آپ وہاں '' پائین پارک '' ہوٹل میں ٹھہریں۔

Subjunctive Tense For wish:

A: آپ کا بچہ کیسا ہے؟

B: وہ بیمار ہے۔

A: خُدا اسے صحت دے۔ May God bless him

## SUPPLEMENTARY

### Subjunctive tense for command

#### *Vocabulary*

| | | | |
|---|---|---|---|
| to prepare, make ready | | تیار کرنا | taiyaar karna |
| to wander, walk about | | پھرنا | phirna |
| to walk | | چلنا | chalna |
| to be spoiled | | خراب ہونا | kharab hona |
| not | | مت | mut |
| to become weak | | کمزور ہونا | kamzoor hona |
| cook | m. | خانساماں | khaansaaman |
| eye sight | f | نظر | nazar |
| grass | f | گھاس | ghaas |
| much | | زیادہ | ziyaada |

تم بانو سے کہو ، وہ میرا کمرا صاف کرے۔

تم خانساماں سے کہو ، وہ میرا ناشتا تیار کرے۔

آپ طالب علموں سے کہیں کہ وہ کلاس روم میں بیٹھیں ، باہر نہ پھریں۔

آپ لڑکوں سے کہیں کہ وہ گھاس پر نہ چلیں ، کیونکہ گھاس پر چلنے سے گھاس خراب ہو گی۔

تم بچوں سے کہو کہ وہ ٹی-وی نہ دیکھیں ، کیونکہ زیادہ ٹی-وی دیکھنے سے نظر کمزور ہوتی ہے۔

A: آج کل آپ کیا کر رہے ہیں؟

B: میں امتحان دے رہا ہوں۔ I am having exams

A: خدا آپ کو کامیاب کرے۔

B: کیا آج آپ کی سالگرہ ہے؟

A: جی ہاں ، آج میری سالگرہ ہے۔

B: آپ کو سالگرہ مبارک ہو۔

A: شکریہ ۔

When " may " denotes doubt or uncertainly the word " شاید " ( perhaps ) is inserted in the sentence as:

A: کیا علی آج سکول جائے گا؟

B: شاید وہ جائے۔

A: کیا بچے شام کو پارک میں جائیں گے؟

B: شاید وہ جائیں۔

A: کیا رات کو آپ فلم دیکھیں گے؟

B: شاید میں دیکھوں۔

A: کیا آج آپ پڑھائیں گے؟

B: شاید میں پڑھاؤں۔

A: کیا آپ سب چھٹیوں میں کراچی جائیں گے؟

B: شاید ہم جائیں۔

A: کیا کل آپ کا بھائی گھر پر ہو گا؟

B: شاید وہ ہو۔

A: کیا کل خالد اور اسلم دفتر میں ہوں گے؟

B: شاید وہ ہوں۔

A: کیا شام کو آپ سکول میں ہوں گی؟

B: شاید ہوں۔

A: کیا رات کو آپ سب گھر پر ہوں گے؟

B: شاید (ہم) ہوں۔

A: کیا کل بارش ہو گی؟

B: شاید ہو ۔ (کاش!بارش نہ ہو)

Subjunctive Tense in the Conditional sentences:

A: اگر آپ اجازت دیں تو ہم باہر جائیں۔

B: اگر وہ یہاں آئے تو اسے کتاب دیں۔

A: اگر آپ بازار جائیں تو میرے لیے رسالہ لائیں۔

B: اگر وہ نیچے آئے تو اسے اوپر بھیجیں۔

A: جب وہ گھر آئے تو مجھے فون کرے۔

***Exercises:***

Q1) Complete the following sentences with appropriate forms of the subjunctive tense, the infinitive are given in the brackets:

1: کیا علی گھر ................ ؟ (جانا)

2: کیا زارا بھی گھر ................ ؟ (جانا)

3: کیا بچے پارک میں ................ ؟ (جانا)

4: کیا لڑکیاں بازار ................ ؟ (جانا)

5: کیا میں اندر ................ ؟ (آنا)

6: آپ اندر ................ ۔ (آنا)

7: کیا میں سبق ................ ؟ (پڑھنا)

8: (تم) ................ ۔ (پڑھنا)

9: کیا ہم لائبریری ................ ؟ (جانا)

10: کیا کل ہم آپ کے گھر ................ ؟ (آنا)

11: آپ ضرور ................ ۔ (آنا)

12: کیا میں آپ کے ساتھ بازار ................ ؟ (چلنا)

13: آپ ضرور ................ ۔ (چلنا)

14: کیا میری بیٹی بھی ................ ؟ (چلنا)

15: اور بیٹا بھی ................ ؟ (چلنا)

16: کیا میں آپ کے لیے ناشتا ................ ؟ (لانا)

17: (تم) ناشتا................ ۔ (لانا)

18: کیا میں آپ کے لیے چائے................ ؟ (بنانا)

19: (تم) ................ ۔ (ناشتا بنانا)

20: کیا وہ آپ کا کمرا ................ ؟ (صاف کرنا)

21: کیا وہ آپ کے کپڑے ................ ؟ (استری کرنا)

22: تم کمرے سے جوتے................ ۔ (لانا)

23: میں یہ کرسیاں کہاں ................ ؟ (رکھنا)

24: (تم) وہاں ................ ۔ (رکھنا)

25: ہم کونسا اخبار ................ ؟ (پڑھنا)

26: آپ ''جنگ'' ................ ۔ (پڑھنا)

27: ہم کونسی فلم ................ ؟ (دیکھنا)

28: آپ اردو فلم ................ ۔ (دیکھنا)

29: ہم سیر کے لیے کہاں ................؟ (جانا)

30: ہم کس ہوٹل میں ................ ؟ (ٹھہرنا)

31: خدا اسے ................ ۔ (صحت دینا)

32: خدا آپ کو ................ ۔ (کامیاب کرنا)

33: آپ کو سالگرہ مبارک ................ ۔ (ہونا)

34: شاید وُہ ................ ۔ (جانا)

35: شاید وہ ................۔ (جانا)

36: شاید میں ................ ۔ (دیکھنا)

37: شاید ہم ................ ۔ (جانا)

38: شاید وُہ گھر پر ................۔ (ہونا)

39: شاید وہ دفتر میں ................۔ (ہونا)

40: شاید ہم گھر پر ................ ۔ (ہونا)

41: تم کمرے سے جوتے ................ ۔ (لانا)

42: شاید کل بارش ................ ۔ (ہونا)

43: اگر آپ اجازت ........... تو ہم باہر ...........۔ (دینا - جانا)

44: اگر وُہ یہاں ........... تو اسے کتاب ...........۔ (آنا - دینا)

45: اگر آپ بازار ........... تو میرے لیے رسالہ ...........۔ (جانا - لانا)

46: اگر وہ نیچے ........... تو اسے اوپر ........... ۔ (آنا - بھیجنا)

47: جب وُہ ........... تو مجھے ...........۔ (آنا -فون کرنا)

48: آپ میرے لیے جلدی سے ناشتا ...........۔ (بنانا)

Q2) Fill in the blanks with appropriate words:

ہو گا - ہوں گے - ہوں گی - ہو گی

1: کیا کل آپ کا بھائی گھر پر ................ ؟

2: کیا کل خالد اور اسلم دفتر ................ ؟

3: کیا شام کو آپ سکول میں ................ ؟

4: کیا رات کو آپ سب گھر پر ................ ؟

Note:

1) In old Urdu subjunctive tense was used for present and future tense, but now it does not give the meaning of present tense ___. It is used for different situations, for example: Permission, advice, desire, wish, need, intention, order, doubt possibility and conditional sentences.

2) " نہ " (not) is used in subjunctive tense.

:Subjunctive Tense:

(This Tense has no Gender)

| | | 2nd PERSON | | |
|---|---|---|---|---|
| | 1st PERSON | PLAIN | HONORFIC | 3rd PERSON |
| sing(masc) | میں جاؤں<br>main jaaoon | تم جاؤ<br>tum jaao | آپ جائیں<br>aap jaaen | وہ جائے<br>wuh jaae |
| sing(fem) | میں جاؤں<br>main jaaoon | تم جاؤ<br>tum jaao | آپ جائیں<br>aap jaaen | وہ جائے<br>wuh jaae |
| plu(masc) | ہم جائیں<br>hum jaaen | تم جاؤ<br>tum jaao | آپ جائیں<br>aap jaaen | وہ جائیں<br>wuh jaaen |
| plu(fem) | ہم جائیں<br>hum jaaen | تم جاؤ<br>tum jaao | آپ جائیں<br>aap jaaen | وہ جائیں<br>wuh jaaen |

Note: Second Person Singular (plain) is as follows:

| SING (FEM) | SING (MASC) |
|---|---|
| تو جا<br>too ja | تو جا<br>too ja |

Subjunctive Tense (This tense has no gender)

The Conjunction table of verb " ہونا " (to be)

| | | 2nd PERSON | | |
|---|---|---|---|---|
| | 1st PERSON | PLAIN | HONORFIC | 3rd PERSON |
| sing(masc) | میں ہوں<br>main hoon | تم ہو<br>tum ho | آپ ہوں<br>aap hon | وہ ہو<br>wuh ho |
| sing(fem) | میں ہوں<br>main hoon | تم ہو<br>tum ho | آپ ہوں<br>aap hon | وہ ہو<br>wuh ho |
| plu(masc) | ہم ہوں<br>hum hon | تم ہو<br>tum ho | آپ ہوں<br>aap hon | وہ ہوں<br>wuh hon |
| plu(fem) | ہم ہوں<br>hum hon | تم ہو<br>tum ho | آپ ہوں<br>aap hon | وہ ہوں<br>wuh hon |

Note: Second Person Singular (plain) is as follows:

| SING (FEM) | SING (MASC) |
|---|---|
| تو ہو<br>too ho | تو ہو<br>to ho |

# LESSON 15

## PART I

STRUCTURAL ITEM:

**Helping verb:**

to want, wish چاہنا chaahna

***Vocabulary:***

| | | |
|---|---|---|
| to meet | ملنا | milna |
| to take rest | آرام کرنا | aaraam karna |
| importance f | اہمیت | ahammiyat |
| with pleasure | شوق سے | shauq se |
| admissions | داخلے | daakhile |
| to take admission | داخلہ لینا | daakhila lena |

A: علی اس وقت کہاں جانا چاہتا ہے؟

B: وہ بازار جانا چاہتا ہے۔

A: زارا کہاں جانا چاہتی ہے؟

B: وہ بھی بازار جانا چاہتی ہے۔

A: اس وقت بارش ہو رہی ہے ، اس لیے وہ بازار نہ جائیں۔

A: علی اور حامد اب کیا کرنا چاہتے ہیں؟

B: وہ پارک میں جانا چاہتے ہیں۔

A: زارا اور سارا کیا کرنا چاہتی ہیں؟

B: وہ ٹی-وی پر ڈراما دیکھنا چاہتی ہیں۔

A: اس وقت آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟
B: میں اخبار پڑھنا چاہتا ہوں۔
A: اور آپ کیا کرنا چاہتی ہیں؟
B: میں آرام کرنا چاہتی ہوں ، کیونکہ میں نے بہت کام کیا ہے۔

A: تم کونسی زبان پڑھنا چاہتے ہو؟
B: میں انگریزی زبان پڑھنا چاہتا ہوں۔
A: اور تم کونسی زبان پڑھنا چاہتی ہو؟
B: میں بھی انگریزی زبان پڑھنا چاہتی ہوں۔
A: تم دونوں انگریزی کیوں پڑھنا چاہتے ہو؟
B: آج کل انگریزی کی بہت اہمیت ہے ، اس لیے ہم انگریزی پڑھنا چاہتے ہیں۔
A: میں آپ کے گھر آنا چاہتا ہوں۔
B: ضرور آئیں۔

A: میں آپ سے اردو پڑھنا چاہتی ہوں۔
B: شوق سے پڑھیں۔

A: ہم آپ کے بھائی سے ملنا چاہتے ہیں۔
B: وہ اس وقت گھر پر نہیں ، آپ لوگ شام کو آئیں۔

A: یہ لڑکیاں اردو ایم-اے میں داخلہ لینا چاہتی ہیں-
B: اگلے سال آئیں ، آجکل داخلے بند ہیں۔

A: آپ کونسی زبان سیکھنا چاہتے ہیں؟
B: میں اردو زبان سیکھنا چاہتا ہوں۔
A: آپ اردو زبان کیوں سیکھنا چاہتے ہیں؟
B: میں پاکستانی لوگوں سے اردو بولنا چاہتا ہوں۔

A: آپ کہاں رہنا چاہتے ہیں؟
B: ہم اسلام آباد میں رہنا چاہتے ہیں۔
A: آپ اسلام آباد میں کیوں رہنا چاہتے ہیں؟
B: اسلام آباد ایک خوبصورت شہر ہے ، اس لیے ہم یہاں رہنا چاہتے ہیں۔

A: میں کام کرنا چاہتی ہوں۔
B: آپ کیا کام کرنا چاہتی ہیں؟
A: میں پڑھانا چاہتی ہوں۔
B: آپ کہاں پڑھانا چاہتی ہیں؟
A: میں کالج میں پڑھانا چاہتی ہوں۔

***Exercises:***

Q1) Complete the sentences with appropriate form of " چاہنا " in the present tense:

1: علی بازار جانا .................. ۔
2: زارا کہاں جانا .................. ؟
3: علی اور حامد کیا کرنا .................. ؟
4: زارا اور سارا کیا کرنا .................. ؟

5: اس وقت آپؐ کیا کرنا ................. ؟

6: مئیں اخبار پڑھنا ................. ۔

7: آپؐ کیا کرنا ................. ؟

8: میںؑ آرام کرنا ................. ۔

9: تمؐ کونسی زبان پڑھنا ................. ؟

10: میںؐ انگریزی زبان پڑھنا ................. ۔

11: تمؑ کونسی زبان پڑھنا ................. ؟

12: میںؑ بھی انگریزی زبان پڑھنا ................. ۔

13: تم دونوں انگریزی کیوں پڑھنا ................. ؟

14: آج کل انگریزی کی بہت اہمیت ہے ، اس لیے ہم انگریزی................. ۔

15: میںؑ آپ کے گھر آنا ................. ۔

16: میںؐ آپ سے اردو پڑھنا ................. ۔

17: ہم آپ کے بھائی سے ملنا ................. ۔

18: یہ لڑکیاں اردو ایم-اے میں داخلہ لینا ................. ۔

19: آپ کونسی زبان سیکھنا ................. ؟

20: میںؑ اردو زبان سیکھنا ................. ۔

21: آپؐ اردو زبان کیوں سیکھنا ................. ؟

22: میںؐ پاکستانی لوگوں سے اردو بولنا ................. ۔

23: آپؐ کہاں رہنا ................. ؟

24: ہمؐ اسلام آباد میں رہنا ................. ۔

25: آپؐ اسلام آباد میں کیوں رہنا ................. ؟

26: میںؑ کام کرنا ................. ۔

27: آپؑ کیا کام کرنا ................. ؟

28: مَیں پڑھانا................ ۔

29: آپؑ کہاں پڑھانا ................ ؟

30: مَیں کالج میں پڑھانا ................۔

**************

Q2) Answer the following questions:

1: علی اس وقت کہاں جانا چاہتا ہے؟

2: زارا کہاں جانا چاہتی ہے؟

3: علی اور حامد اب کیا کرنا چاہتے ہیں؟

4: زارا اور سارا کیا کرنا چاہتی ہیں؟

5: اس وقت آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟

6: اور آپ کیا کرنا چاہتی ہیں؟

7: تم کونسی زبان پڑھنا چاہتے ہو؟

8: اور تم کونسی زبان پڑھنا چاہتی ہو؟

9: تم دونوں انگریزی کیوں پڑھنا چاہتے ہو؟

10: آپ کونسی زبان سیکھنا چاہتے ہیں؟

11: آپ اردو زبان کیوں سیکھنا چاہتی ہیں؟

12: آپ کہاں رہنا چاہتے ہیں؟

13: آپ اسلام آباد میں کیوں رہنا چاہتے ہیں؟

14: آپ کیا کام کرنا چاہتی ہیں؟

15: آپ کہاں پڑھنا چاہتی ہیں؟

Note:

" چاہنا " (to wish, want or like to do some thing) is expressed by the infinitive of the thing wanted plus the appropriate tense of " چاہنا " e.g: " میں اردو سیکھنا چاہتا ہوں "

*******************************

**PART II**

STRUCTURAL ITEMS:

| | | | |
|---|---|---|---|
| need, want | s | چاہیے | chaahie |
| need, want | p | چاہییں | chaahien |

***Vocabulary:***

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| how much کتنی | kitni : | sugar | f . s | چینی | cheeni |
| how many کتنے | kitne : | money(paisas) | m . p | پیسے | paise |
| | | milk | m . s | دودھ | doodh |
| | | cake | m . s . p | کیک | kek |
| | | rice | m . s . p | چاول | chaawal |
| | | news paper | m . s . p | اخبار | akhbaar |
| | | thirty | | تیس | tees |

***Vocabulary:***

| | | | |
|---|---|---|---|
| thirty six | | چھتیس | chhtees |
| rupees | m · p | روپے | roope |
| kilo | | کلو | kilo |
| litre | | لیٹر | leetar |
| big | | بڑا | bar'a |
| small | | چھوٹا | chhota |
| name of the news paper | m | جنگ | Jang |

(a)

A: آپ کو کیا چاہیے؟

B: مجھے چینی چاہیے۔

A: کتنی چینی؟

B: دو کلو۔

: کتنے پیسے؟

A تیس روپے۔

A: مجھے دودھ چاہیے۔

B: کتنا دودھ؟

A: دو لیٹر۔

کتنے پیسے؟

B چھتیس روپے۔

(b)

A: آپ کو کیا چاہیے؟
B: مجھے کیک چاہیے۔
A: آپ کو چھوٹا کیک چاہیے یا بڑا؟
B: بڑا کیک چاہیے۔

A: مجھے کتابیں چاہییں ۔
B: آپ کو کونسی کتابیں چاہییں؟
A: مجھے اردو کی کتابیں چاہییں۔

(c)

A: مجھے چاول چاہییں۔
B: آپ کو کتنے چاول چاہییں؟
A: مجھے چار کلو چاول چاہییں۔

(d)

A: کیا آپ کے پاس اردو اخبار ہے؟
B: جی ہاں ، آپ کو کونسا اخبار چاہیے؟
A: مجھے ''جنگ'' اخبار چاہیے۔

***Exercise:***

Q) Fill in the blanks with the correct alternative given in the brackets:

| | |
|---|---|
| 1: آپ کو کیا .................. ؟ | (چاہیے - چاہییں) |
| 2: مجھے چینی .................. ۔ | (چاہییں - چاہیے) |
| 3: مجھے دودھ .................. ۔ | (چاہیے - چاہییں) |
| 4: مجھے کیک .................. ۔ | (چاہییں - چاہیے) |
| 5: مجھے اردو کی کتابیں.................. ۔ | (چاہیے - چاہییں) |
| 6: مجھے چاول .................. ۔ | (چاہییں - چاہیے) |
| 7: آپ کو کونسا اخبار .................. ؟ | (چاہیے - چاہییں) |

Note:

" چاہیے " (need) is subjunctive tense of " چاہنا ".

********************

**PART III**

STRUCTURAL ITEM:

| | | | |
|---|---|---|---|
| should, ought to | چاہیے | s | chaahie |
| should, ought to | چاہییں | p | chaahien |

***Vocabulary:***

| | | |
|---|---|---|
| to wear, to put on | پہننا | pahnna |
| to take | لینا | lena |
| to be, exist | ہونا | hona |
| early | جلدی | jaldi |
| late | دیر سے | der se |

winter f.p سردیاں sardiaan
Summer f.p گرمیاں garmiaan

***Vocabulary:***

| | | |
|---|---|---|
| medicine f.s | دوا | dawa |
| warm clothes m.p | گرم کپڑے | garm kapr'e |
| sick, ill | بیمار | beemar |
| leisure time (m) | فارغ وقت | faarigh waqat |
| study time (m) | پڑھائی کا وقت | parȟaai ka waqat |

A: آپ دیر سے سکول کیوں آتے ہیں؟
B: میں دیر سے اٹھتا ہوں۔
A: آپ کو جلدی اٹھنا چاہیے۔

A: مجھے ٹی-وی پر کونسا پروگرام دیکھنا چاہیے؟
B: تمہیں اردو ڈراما دیکھنا چاہیے

A: سردیوں میں ہمیں کونسے کپڑے پہننے (پہننا) چاہییں؟
B: سردیوں میں آپ کو گرم کپڑے پہننے (پہننا) چاہییں۔

A: ہم اردو سیکھ رہے ہیں ، ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
B: آپ کو اردو بولنی (بولنا) چاہیے۔

A: ہمیں فارغ وقت میں کیا کرنا چاہیے؟
B: آپ کو کتابیں پڑھنی چاہییں۔
A: ہمیں کونسی کتابیں پڑھنی چاہییں؟
B: آپ کو اردو کی کتابیں پڑھنی چاہییں۔

A: حامد کیسا ہے؟

B: وہ بیمار ہے۔

A: اسے دوا لینی چاہیے۔

A: بچے کیا کر رہے ہیں؟

B: وہ کھیل رہے ہیں۔

A: رات کا وقت ہے اب انہیں سونا چاہیے۔

A: کیا کل سارا سکول گئی تھی؟

B: وہ نہیں گئی تھی۔

A: اسے سکول جانا چاہیے تھا۔

A: آپ باہر کیوں کھڑے ہیں؟

B: میں اخبار پڑھ رہا ہوں۔

A: آپ کو کلاس روم میں ہونا چاہیے کیونکہ یہ پڑھائی کا وقت ہے۔

***Exercises:***

Q1) Fill in the blanks with the correct alternative given in the brackets:

1: میں ................ اٹھتا ہوں۔ (دیر - دیر سے)

2: ................ جلدی اٹھنا چاہیے۔ (آپ - آپ کو)

3: ................ ٹی-وی پر کونسا پروگرام دیکھنا چاہیے؟(میں - مجھے)

4: تمھیں اردو ڈراما ................ چاہیے (دیکھنا - دیکھنے)

5: سردیوں میں ہمیں گرم کپڑے پہننے ............... ۔(چاہیے - چاہییں)

6: آپ کو اردو بولنی ............... ۔ (چاہییں - چاہیے)

7: ہمیں فارغ وقت میں کیا ............... چاہیے؟ (کرنے - کرنا)

8: ہمیں کونسی کتابیں ............... چاہییں؟ (پڑھنی - پڑھنے)

9: اسے دوا لینی ............... ۔ (چاہیے - چاہییں)

10: انہیں سونا ............... ۔ (چاہییں - چاہیے)

11: آپ کو کلاس روم میں ہونا ............... ۔ (چاہیے - چاہییں)

Q1) Answer the following questions:

1: آپ دیر سے سکول کیوں آتے ہیں؟

2: مجھے ٹی-وی پر کونسا پروگرام دیکھنا چاہیے؟

3: سردیوں میں ہمیں کونسے کپڑے پہننے (پہننا) چاہییں؟

4: ہم اردو سیکھ رہے ہیں ، ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

5: ہمیں فارغ وقت میں کیا کرنا چاہیے؟

6: ہمیں کونسی کتابیں پڑھنی چاہییں؟

7: حامد کیسا ہے؟

8: بچے کیا کر رہے ہیں؟

9: کیا کل سارا سکول گئی تھی؟

10: سارا کو کہاں جانا چاہیے؟

11: رات کو بچوں کو کیا کرنا چاہیے؟

12: آپ کو پڑھائی کے وقت کہاں ہونا چاہیے؟

13: حامد کو کیا کرنا چاہیے؟

Note:

1) " چاہیے " stands for should or ought to. Normally it is put after the infinitive form of the verb, e.g.

" آپ کو جلدی اٹھنا چاہیے "

2) " چاہیے " takes its subject in the dative case (e.g, کو ، ے ، یں is used after the subject), e.g.

" تمھیں ڈراما دیکھنا چاہیے "

3) If the accompanying verb is transitive and has an object, the idiom differs in Lucknow and Delhi.

In Luknow the infinitive is not inflected e.g.

" سردیوں میں ہمیں گرم کپڑے پہننا چاہییں "

4) Delhi the infinitive agreeswith the object in gender and number, e.g.

" سردیوں میں ہمیں گرم کپڑے پہننے چاہییں "

5) If the accompanying verb is transitive and has no object, 'infinitve' and " چاہیے " will be in singular form, e.g.

" ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ "

6) If the object is feminine plural the infinitive used is feminine singular, e.g.

" آپ کو کتابیں پڑھنی چاہییں "

# LESSON 16

## PART I

STRUCTURAL ITEMS:

**Helping Verb:**

may / can / be able to سکنا sakna

**(Present Tense)**

***Vocabulary:***

| | | |
|---|---|---|
| to ring up | فون کرنا | pone karna : heavy وزنی wazani |
| to drive | چلانا | chalaana |
| to swim | تیرنا | terna |
| to climb | چڑھنا | charhna |
| to lift | اٹھانا | uthaana |
| fluently | روانی سے | rawaani se |
| cigarette | سگریٹ m.s.p | cigarette |
| study time | پڑھائی کا وقت (m) | par'haahi ka waqat |
| stomach | پیٹ m.s.p | pet / belly |
| foot / feet | پاؤں m.s.p | paaon |
| car | گاڑی f.s | gaari |
| tree | درخت m.s.p | darkhat |
| foreigner | غیر ملکی | ghair mulki |
| pain | درد m.s | dard |
| bad, upset | خراب | kharaab |
| high | اونچا | ooncha |

A: کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟
B: جی ہاں ، آئیں۔

A: کیا میں یہاں بیٹھ سکتی ہوں؟
B: بیٹھو۔

A: کیا میں فون کر سکتا ہوں؟
B: جی ہاں ، کریں۔

A: کیا ہم گھر جا سکتے ہیں؟
B: جائیں۔

A: کیا میں سگریٹ پی سکتا ہوں؟
B: آپ سگریٹ نہیں پی سکتے۔

A: کیا میں سگریٹ پی سکتی ہوں؟
B: آپ بھی سگریٹ نہیں پی سکتیں۔

A: کیا ہم اس وقت فلم دیکھ سکتے ہیں؟
B: جی نہیں ، یہ پڑھائی کا وقت ہے ، اس لیے آپ فلم نہیں دیکھ سکتے۔

A: کیا میں آپ کے گھر آ سکتی ہوں؟
B: جی ہاں ، آپ آ سکتی ہیں۔

A: کیا ہم فارغ وقت میں لائبریری میں پڑھ سکتے ہیں؟
B: آپ پڑھ سکتے ہیں۔

A: کیا میں آپ سے فون پر بات کر سکتا ہوں؟
B: آپ فون پر بات کر سکتے ہیں۔

A: کیا میں اس وقت گھر جا سکتا ہوں؟
B: آپ گھر نہیں جا سکتے ، کیونکہ میں اس وقت آپ کو پڑھا رہی ہوں۔
A: میں بیمار ہوں اور میرا پیٹ خراب ہے۔
B: ٹھیک ہے آپ جا سکتے ہیں۔

A: کیا ہم کلاس روم میں چائے پی سکتے ہیں؟
B: جی نہیں ، آپ کلاس روم میں چائے نہیں پی سکتے ، کینٹین میں چائے پییں۔

A: کیا مارک اردو بول سکتا ہے؟
B: جی ہاں ، وہ اردو بول سکتا ہے۔
A: کیا وہ روانی سے اردو بول سکتا ہے؟
B: جی ہاں ، وہ روانی سے اردو بول سکتا ہے۔

A: کیا یوکو اردو پڑھ سکتی ہے؟
B: جی ہاں ، وہ اردو پڑھ سکتی ہے۔

A: کیا مارک اور یوکو اردو لکھ سکتے ہیں؟

B: جی ہاں ، وہ دونوں اردو لکھ سکتے ہیں۔

A: کیا آپ دوڑ سکتے ہیں؟

B: میں دوڑ نہیں سکتا۔

